# تعلقات عامہ دفتر

# جامعہ ملیہ اسلامیہ، نئ دہلی

January 19, 2022

پریس ریلیز

## جامعہ ملیہ اسلامیہ میں جغرافیہ اور ماحولیاتی مطالعات میں دو ہفتے کے ریفریشر کورس کا آغاز

یو جی سی ۔مرکز برائے فروغ انسانی وسائل، جامعہ ملیہ اسلامیہ اور شعبہ جغرافیہ نے جغرافیہ اور ماحولیاتی مطالعات میں ہندوستان کی مختلف یونیورسٹیوں اور کالجوں کے چالیس نئے اساتذہ کی تربیت اور صلاحیت سازی کے لیے مؤرخہ اٹھارہ جنوری دو ہزار بائیس سے تا مؤرخہ یکم فروری دو ہزار بائیس مشترکہ طور پر اپنا انیسواں ریفریشر کورس ( آن لائن ) کا آغاز کیا ہے۔

پروفیسر وی۔ کے۔ ملہوترا، رکن سیکریٹری انڈین کونسل آف سوشل سائنس ریسرچ ( آئی سی ایس ایس آر ) نئ دہلی افتتاحی اجلاس کے مہمان خصوصی تھے۔انھوں نے اس اہم ریفریشر کورس کے لیے منتظمین کو مبارک باد دی۔ وہ ریفریشر کورس کے مرکزی خیال 'پائیدار ترقی اور ماحولیاتی بندوبست' سے بھی کافی متاثر تھے۔ پروفیسر ملہوترا نے علمی برادری اور سائنس برادری سے اس بات کی اپیل کی کہ وہ کوڈ بحران کے بعد کچھلے سماج کے لیے پائیدار ترقی، ماحولیاتی مینجمنٹ، آب وہوا کی تبدیلی ،اشتمالی پالیسی اور طور طریقوں سے متعلق ابھرتے ہوئے مسائل ومعاملات پر توجہ دیں۔انھوں نے عزت مآب وزیر اعظم جناب نریندر مودی کی فعال قیادت میں گرین توانائی اور شمسی الائنس کو پورا کرنے کے لیے زبردست ریکارڈ کو اجاگر کیا۔

افتتاحی اجلاس کے مہمان اعزازی پروفیسر ایم۔اشتیاق سابق وائس چانسلر، مگدھ یونیورسٹی، سبکدوش پروفیسر شعبہ جغرافیہ ،جامعہ ملیہ اسلامیہ نے ریفریشر کورس کے مرکزی خیال کی ستائش کی اور پائیدار ترقی کے ہدف کو پانے کے لیے ماحولیاتی مینجمنٹ کی کلیدی اہمیت پر زور دیا۔انھوں نے 'آتم نربھر بھارت یا خودکفیل ہندوستان کے مشن کو حاصل کرنے کے سلسلے میں حکومت ہند کی طرف سے دیے جانے والے خصوصی اقتصادی پیکجز کو بتایا۔

پروفیسر ایس۔ بی۔ سنگھ، سابق صدر اور سبکدوش پروفیسر شعبہ جغرافیہ، بنارس ہندو یونیورسٹی بھی اس افتتاحی اجلاس میں مہمان

اعزازی تھے۔ پروفیسر سنگھ نے پائیدار ترقی کے ہدف کے حصول میں تین کلیدی ایز یعنی انوائرنمنٹ،انرجی اور اکونومی کی اہمیت کو اجاگر کیا۔

پروفیسر انیس الرحمان ،ڈائریکٹر، یو جی سی ۔ایچ آر ڈی سی ، جامعہ ملیہ اسلامیہ نے مہمان خصوصی اور دیگر معزز مہمانوں اور شرکائے پروگرام کا استقبال کیا۔ پروفیسر رحمان نے پروفیسر نجمہ اختر، شیخ الجامعہ، جامعہ ملیہ اسلامیہ کی تحریک آمیز قیادت اور تعاون کی اہمیت کو بتایا جس نے گزشتہ چند برسوں میں علمی اور تحقیقی افضلیت کے حصول میں بنیادی کردار ادا کیا ہے۔

کورس کو آرڈی نیٹر ڈاکٹر پروین کمار نے کورس کی تفصیلات بتائیں اور مرکزی خیال کی وضاحت کے ساتھ ساتھ ریفریشر کورس کی ذیلی تفصیلات اور موضوعات کا تعارف بھی پیش کیا۔

ڈاکٹر ہارون سجاد( آفی شیئٹنگ صدر ) نے صدراتی خطبہ دیا اور پائیدار ترقی کے حصول کے لیے ماحولیاتی مینجمنٹ سے نمٹنے کی ضرورت کو اجاگر کیا۔

ڈاکٹر لبنیٰ صدیقی ،ایسوسی ایٹ پروفیسر، شعبہ جغرافیہ جامعہ ملیہ اسلامیہ کے اظہار تشکر کے ساتھ افتتاحی اجلاس اختتام پذیر ہوا۔

تعلقات عامہ دفتر
جامعہ ملیہ اسلامیہ نئی دہلی